O

اپنے اندر سنور گیا اک شخص
ایک ایسے نگر گیا اک شخص

میرے گھر سے اداس اُٹھا تھا
پھر نہ جانے کدھر گیا اک شخص

کوئی جھگڑا ہوا نہ ہنگامہ
کیسے دل سے اُتر گیا اک شخص

اپنے اندر کے سانپ دیکھے تو
اپنی حالت سے ڈر گیا اک شخص

https://emad-ahmad.com/

اُس کو خواہش نہیں تھی جانے کی
خود سے لڑ کر مگر گیا اک شخص

تُو نے محسوس بھی کیا کہ نہیں
تیری خاطر ٹھہر گیا اک شخص

وقتِ رخصت تھا اجنبی خود سے
اِس قدر بے خبر گیا اک شخص

نفس کے ہاتھ میں کھلونا تھا
اس لیے ٹوٹ کر گیا اک شخص

اپنی ہستی کو ڈھونڈنے کے لیے
اپنے اندر اُتر گیا اک شخص

https://emad-ahmad.com/

پہلے پہلے بہت ہنسا اور پھر
روتے روتے نکھر گیا اک شخص

اپنے محلوں کو چھوڑ کر آخر
کس لیے دربدر گیا اک شخص

زندگی کیسے ہو عماد کہ جب
تیرے اندر ہی مر گیا اک شخص

https://emad-ahmad.com/